بحسن صناع مکین و مکان فضل خلاق زمین و زمان

گلستان

در مطبع نامی منشی نولکشور بطبع زین مقبول جهان شد

بسم الله الرحمن الرحیم

گل سرسبد سخن حمد چمن طرازیست که بجنبش شمال و صبا در گلشن گیتی گلهای رنگین بشگفانیده و آرایش گلدستهٔ خیال سپاس نخلبندیست که بغیر از آبیاری ابر بهاران در حدیقهٔ عالم نخلهای موزون فشانیده صانعی که وجود خاکی انسان را رنگ قبول فزون تر از شاهدان داده یکی سرو لب جو را با قامت دلجوی یار برابر نگیرد حکیمی که آدمی را تفرقه بدانه نیک و تمیز نه خار از گل در سرشت نهاده کسی سنبل پرپیچ و شکن را بزلف خوش خم دلدار نه پذیرد و نه اینهمه از خرافات است که خرافات را با حکمت منافات و در یک ذرهٔ فروغ صد خورشید مضمر است و در یک برگ جلوهٔ هزار گلستان مستتر **بیت**

وصف صنعت کز لب هر ذره میریزد برون   نطق را در معرض عقد اللسان انداخته
فرد برگ درختان سبز در نظر هوشیار   هر ورقی دفتریست معرفت کردگار

حالیکه حال خسیس ترین آشنا به چنین باشد فکیف آنکه انفس موجودات و اشرف مخلوقات بود هم برین قیاس یکی را بر دیگری رجحان دادن غایتی دارد و تنقیص احدی من الآخر رعایتی و همچنین لمعهٔ امتیاز حسن و قبح مانند نور در چشم به بصر بصیرت افگندن نظر بمصلحت عظیم است و آفتاب دل در شبستان پیکر چون شمع بظلمت جلوه گر ساختن مبنی بر حکمت فخیم که چنانکه با چشم مخمور نرگس

بهار نگه نتوان نمود و با وجود گلرویی از روی گل قطع نظر توان فرمود همچنین بهوای لاله رخان برنگ عندلیب با گل آتش شوق نباید افروخت و در آرزوی شمعرویان پروانه وار از پی چراغ نباید سوخت که گلی رنگین تر جلوه ریز انست و شمعی فروزان تر نور افشان جامی باده سخن بکیفیت می نماید **فرد**

قانع نشوی بهر چه یابی ٭ از خوب بخوب تر شتابی ٭

باقصی کمال نارسیده دست از طلب باز داشتن از نقصان همت است و با وجود طوبی دست بر نخل دگر دراز کردن از کوتهی فطرت و پیش باده طهور می انگور کشیدن نه روا است و در حضور یوسف روی زلیخا دیدن نه سزا از اعجاز مسیحا گردیدن از مدعیان دانش نباید و با مسیح بافلاطون پیوستن جنون نماید سخن کوتاه فی الحقیقت چراغ دیر مجاز مشعل کعبه حقیقت است و در واقع صنعت علت معرفت صانع و واقع که غرض کلی از ابداع عالم است و مطلب اصلی از ایجاد آدم و عرش المعرفت معرفت در ماندن از معرفت است اَلْعَجْزُ عَنْ دَرْكِ الْاِدْرَاكِ اِدْرَاكٌ پس جویای متحیر الطریق چیست رهرو منزل ناشناس را خضر سبیل کدام نابین نکته است بعثت انبیا و رسل که سرگشتگان تیه حیرت را بسر منزل مقصود رسانند و درماندن وادی غربت را بجد توفیق بجد وادی مطلوب فائز گردانند سلام الله علیهم اجمعین خصوصاً بر پیشرو قافله انبیا راه نماینده اصفیا عنوان مجموعه نبوت خاتمه کتاب رسالت گل سر سبد عدنان سید انس و جان ابراهیم حلم موسی جلال ایوب صبر یوسف جمال منعم و مکرم مجلی نور قدم مهبط فیض سرور عالم محمد مصطفی صلی الله علیه وسلم که شبستان مهر از اشعه آفتاب ذاتش فروغ پذیر است و لمعه انوار صفاتش مانند مهر منیر عالمگیر سروری که گردن نهادگانش اوج فلک را بزیر پا آوردن از پستی همت شمارند عرش منزلتی که آستان بوسانش قدم به ثریا نهادن بر تحت ثری انگارند مهربانی که دشمنانرا از دوست تری نه خوشا حال دوستانش باغبانی که حدیقه احسانش را دری نی آشنا و بیگانه گلچین بوستانش باشاره اصابع فلک تابعش قمر دو نیم و از قهر و مهرش مهر گاهی در امید و گاهی در بیم شب معراجش از شب قدر بلند قدر تر و روز عرفات از لعقش نه برابر روانی آب از انامل فیض شمائل او قطره ایست از ینبوع کمالش دریا دریا حاصل بحر و کان در جیب و دامان آرزومندان ریختن چشمه ایست از عمان نوالش در مذکور عدلش ذکر نوشیروان نه از انصاف است و در عرض سخایش نام حاتم بردن از اعتساف بدم اعجازش نباتات و احجار بصفت انسانی مذکور و موصوف حکایت

شنوی بکلم وجه مسلم شنیده باشی که داستانیست مشهور و معروف آب تیغش زورق هستی اهل بغی و طغیان را بگرداب عدم انداخته آتش سخطش باستاع وجود ارباب شرک و عناد کار برق و خرمن ساخته بهدمش بنیان کفر از پا در آمد کسر قصر کسری را بین بنالش هنگامه شرک سردی یافت بود آتشکده پارس دلیلی است مبین و بر عترت وال وی که در رفعت و شان از همه برترانده و در منزلت و جلال با کلام خداوند متعال برابر و بر یاران او که هر یکی اختر برج هدایت و ارشاد است و همه گوهر درج صدق و سداد اما بعد دیده وران را مژده که شاهد سخن بصد غنج و دلال مقنعه از رخ میکشاید و ناطوسه فکرت بهزار کرشمه و ناز بجلوه می آید سلمای شیرین ادای نظم مستعد دلربائی است و عذرای خود آرای نثر مشتاق تماشای شمع خامه خورشیدرا است و خورشید نامه فروغ افزای بیاض صبح مه روشن تر از سپیده صبح صادق گلستانی آراسته شد رنگین تر از صفحه خیال عاشق تذکره ترتیب یافت مشتمل بر اشعار منظومان فصاحت گستر و ریخته گویان بلاغت طراز لغایت مختصر و هدیه مهیا گشت از برای یاران جانی بیدرم احباب دلنواز نهایت مختصر و از خویشتن ناشناسیها شایسته قدر من آن بود که طلسم تازه درین کهنه رواق بربستمی و لوح هیچمدانی بر فرق افلاطون و ارسطو شکستمی من که از فرط کبر و ناز به شراره بو نصر و بو علی چشم التفات نمی کشادم و گوش رغبت نمی نهادم با این تسمات چگونه سر بکام افتاد بیت

من مرغ خوش ترانه باغ فضیلتم * طبع مرا بزمزمه شاعری چکار *

همانا باقتضای امر یکی از احباب موافق که آرزوی جان و جان آرزو است دل بیشتر از زبان بتسلیم کشاده این بار ننگ و عار بر سر و گردن من نهاد فی الجمله شبی نشاط افزا چون صبح جوانی بهار گلشن زندگانی خرم تر از موسم خنده گل جان نوازتر از هنگام نغمه بلبل هزار جلوه صبح از دل شب پیدا قمر و صد طعن تیرگی بر خورشید شمع و بر افروختن مهر بدعوی همفروغی مهر فلک از انجم و کوکب بر زمین نور افشان زمین از فروغ چراغان فلک نشان در چمنی شگفته تر از خلد برین گلشنی دلرباتر از کوچه گلرخان نازنین که طیور شب خوانش چون گویندگان خوش الحان زمزمه پرداز سرو و شمشاد بجنبش نسیم مانند رعنا جانان مداهتر از کبک دری و بصد عشوه و ادا در صحن باغ جلوه ریز خرام روانی موج انهار حریف مستانه خرامی رندان می آشام رخسار لاله قبان لاله رویان از تاب باده بر افروخته نظارگی را تاب تماشا سوخته غنچه هم جلوه گل سنبل همه داغ کاکل تماشائیان مست و مدهوش نسیم

بهار

وصبا عطر فروش چشم نرگس از نظارهٔ رنگ بستان برنگ دیده بازمانده و زبانهٔ سوسن بهزار زبان چون عندلیب شوریده ثنای گلستان باز خوانده گل جعفری بصد برگ و ساز جلوه نما بنفشه مانند ریحان عذار نوخطان دلربا بود با دوستان صادق و یاران موافق بزم طرازی اتفاق افتاد دلها برنگ گلها شگفته و شاداب طرب و نشاط چون زر غنچه معدن معدن غم و غصه کیمیا یاب برشک گرمی محفل شمع را همچو پروانه با سوختن ساز و بصد رنگینی انجمن رنگ فزا جوانان چمن چون هوش بلبل و پروانه یکی غزلی از دیگری میخواند یکی از صدف طبع خود جواهر می افشاند یکی به ترنم دلاویز رونق بازار خنیاگران می شکست یکی بحرف شکرریز طوطیان را منقار می بست ع جمعی چو گل و لاله بهم پیوسته ⁂ ازان میان یاری عزیز حبیبی دلخواه که شمع جمع احباب است و محبتش با جان برشته اند گفت چه شود اگر بیاضی جمع شود مشتمل بر ذکر اسلاف کبار و اخلاف سعادت آثار تا هر وقت چون تذکار گذشتگان انیس و همه دم مانند دوستان همدم جلیس باشد سر و راقی که این زمان است سر بدوام کشد و نشهٔ این بادهٔ بصد دو زمان مرارت خمار بخشد گفتمش ای مرغ دلم شکار تو طائر سدره نشین را به چوب مغیل آشیان مبند و شناور قلزم را افتاده در وحل مپسند سرت گردم من و سودای شعر و انگاه ریخته گفت نه اگر دانشهای پیشینیت محیط دلم بودی فسوب بخوبیت مینمودم و در اثبات این محتاج برهان و دلیل نبودم که این حرف نه اگر از هذیانست از حیثیت بنگر که بادی این فن کیست چنانچه بعض اخبار بطریق وعید وارد شده معارض است با اخبار آخر که دلالت بر مدح وارد و مثل انّ من الشعر لحکمة و انّ من البیان لسحرا و سخن همانست که اگر کلام مشتمل بر ستایش اهل ذم و ذم اهل ستایش است مذموم ورنه بدلیل و عملوا الصالحات محمود خوش گفته آنکه گفته **فرد** بدان رتبه شعر را سرسری بود شاعری بعد پیغمبری ⁂ و اما ریخته را که مخترعه شمردی و این زبان را دون گمان بردی ندانی که غرض از معانی است پس معانی تازه بهر لفظ طلاقت فزا که البته شود مستوفی است و بگوش دل و جان شنودنی لاسیما درین زمان که گرامی نتیجه سه لغت فصیح است و هر زبان او را باعث شوق و تفریح چون حرف دلنشین خاطر نشانم شد دواوین اساتذهٔ سلف و خلف بدقت و انصاف ملاحظه و ازان التقاط کردم و دیوان کسیکه بنظر نرسیده و دست بهم نه داد افکارش از تذکره ها و سفاین و هر انچه بخاطر بود بدستور به نقطهٔ انتخاب موشح و ثبت افتاد و چون مدنگاه ازین تالیف

و مطمح نظر ازین تصنیف فرو آوردن اشعار دل آراست نه شمار اسامی شعرا ازانکه سامعه فریب بیتے بنظر نرسید جام ترا از مجاهیل و معارف و احیا و اموات نامش درین سفینه چون ابیاتش هیچ نگردید اما از مشاهیر کم کسی است که شعری لائق نداشته باشد ناگزیر ایراد همه شان لازم آمده من غیر التزام و باین علت اکثری از مدعیان کاذب را درین اوراق نه بینی جهل از حال شان بفقیر نسبت نکنی و اگر یکی را با خیالات شیرین و افکار رنگین درین عجاله ذکرے نیست پنداری که بما نرسیده و از مهر و کین احباب و اعدا انشاء الله چون دل اهل صفا درین بیاض اثری نیابی و ازان مختصر آمد تا بجلالت نانجامد سوای اشعار که مقصود اصلی و باعث کلی در سلک کشیدن لآلی منثور منظوم است هر گوهرے که بسته پیشکش جوهریان بازار سخن بنظر در آمد در انسلاک آن ضنت نرفت و در ایراد تراجم شعرا به ترتیب حروف هجا حرف اول و ثانی از تخلص و در اشعار حرف آخر معتبر گشت و بدین تقدیر از سبقت زمان و مرتبت قطع نظر و بعلت قلت فرصت و کثرت اشغال غیر از اشعار غزل از دیگر اصناف اعراض رفت و ابتدای این کارنامه در ابتدای سال هزار و دو صد و چهل و هشت از هجرت بوده و انتها در انتهای هزار و دو صد و پنجاه بسمله منتخب زیب تاریخ آغاز است و الحمد لله علی حصول المقاصد و الشکر له تاریخ اتمام و الحمد لله علی ذلک و امروز اشهب تیز گام عمر روان بست و ششم مرحله طی کرده از برای فوز منزل مقصود سر گرم تگ و پو است یا رب بعافیت برساند و چون این چمن دلاویز و حدیقه عشرت انگیز برنگ باغ بهشت از خس و خاشاک پاک است **گلشن بیخار** نام کرده شد بو که بمذاق اهل ذوق شیرین و بچشم تماشائیان رنگین آید الآن اشرع فی المقصود و اسئل التوفیق من رب الودود و انا محمد المدعو به مصطفی ختم الله لی بالحسنی و جعل آخر امرے خیرا من الاولی المتخلص به شیفته در ریخته و به حسرتی در فارسی الٰهی پسند خاطر مشکل پسند افتد

حرف الالف

آبرو تخلص نجم الدین نام المعروف بشاه مبارک از اولاد محمد غوث گوالیاری است رحمة الله علیه و از سکنای با سراج الدین علیخان آرزو نسبت تلمذ و قرابت دارد از زبان آوران نامی طبقه پیشین است بصنعت ایهام مائل بود در زمان محمد شاه نجم حیاتش هبوط نمود از نتائج افکار اوست

کیون چھپا ظلمت مین گر اوس لب سے شرمندہ نتھا
جان کچھ پائے مری ہی چشمۂ حیوان کے بیچ
کون چاہیگا گھر بے تجھکو ÷
بے مجھے خانۂ خراب کیسی طرح ❖
نہین تارے بھرے ہین شک کے نقط
کس قدر نسخۂ فلک ہے غلط
دور خاموش بیٹھہ رہتا ہون
اسطرح حال دل کا کہتا ہون
سر سے لگا کے پاؤن تلک دل ہوا ہون مین
یہان تک تو فن عشق مین کامل ہوا ہون مین
ندیوے لیکے دل وہ جعد مشکین
اگر باور نہین تو مانگ دیکھو ❖
پھرتے تھے دشت دشت دوانے کدہر گئے
وہ عاشقی کے ہائے زمانے کدہر گئے
شور ہے اسکے اشک بارے کا
آب و چشم تر قیامت ہے

آتش تخلص خواجہ حیدر علی از مشاہیر شعراے لکھنو است روش رندانہ و وضع بیباکانہ دارد و مردم آندیار آتش و ناسخ راکہ از اساتذہ مسلم انجا است قریب ہم انگارند و ہر دو را ہموزن شمارند و قباحت این تحقیق لایخفی علی من لہ حظ من الفہم مع ذلک در نکوئی طبعش سخن نیست دیوانش ملاحظہ شد این اشعار انتخاب یافت

شب ہجران مین جو دم تھا وہ گویا واپسین دم تھا
گمان تھا شام سے مجھپر چراغ صبحگاہی کا
دم آخر بھی بالین پہ میرے ہمراہ یار آئے
رقیبون نے محل رکھا نہ باقی عذر خواہی کا
یاد آیا جو طواف کعبہ مین آتش وہ ماہ
حال بدتر تھا کتان سے جامۂ احرام کا
سامنے ہوتی نہین اوس شمع رو کے اپنی آنکھ
ای صبا محفل سے پروانہ کے خاکستر اوٹھا
عرصۂ محشر مین جاتے ہی جہنم مین پڑا
اودر اوٹے یہان ارادہ تھا مجھے فریاد کا
گردش چشم بتان سے مل گیا مین خاک مین
آسمان کو شوق باقی رہ گیا بیداد کا
آئے بھی لوگ بیٹھے بھی اوٹھہ بھی کھڑے ہوئے
مین جا ہی ڈھونڈتا تیری محفل مین رہ گیا
لحد تیرہ مین مجھپہ جو لگا ہونے عذاب
پھر گیا آنکھون مین عالم شب تنہائی کا
چھوٹتا میرے گریبان کو نہین دست جنون
کیا یہ اسکو کسی محبوب کا دامن سمجھا
بڑا شور سنتے تھے پہلو مین دل کا ÷
جو چیرا تو ایک قطرۂ خون نہ نکلا
پیچھے ہٹا نہ کوچۂ قاتل سے اپنا پاؤن
سر سے تڑپ کے چار قدم آگے دھر گیا

گرہ تھی دل مین زبس حسرتِ ہم آغوشی
فشار گور کا راحت مجھے عذاب ہوا
شب فراق مین مجھکو سلانے آیا تھا
جگایا مین نے جو افسانہ گو کو خواب آیا
ہماری قبر سے آئے گی یہ صدا تاحشر
یہ مژدہ آیا کہ مجھپر کوئی عذاب آیا
اللہ رے شوق اپنی جبین کو خبر نہین
اوس بت کی آستانہ کا پتھر رگڑ گیا
روز سیاہ ہجر مین میرے جلے چراغ
پروانون کو نصیب ہوا دن وصال کا
وہ نہین ہون نہین کہائی سے جو مل جاؤنگا
آج جاتا تھا تو ضد سے تیری کل جاؤنگا
عاشق اوس غیرت بلقیس کا ہون مین آتش
بام تک جسکے کبھی مرغ سلیمان نہ گیا
چال سے ہے مجھ ناتوان کی مرغ بسمل کی تڑپ
ہر قدم پہ ہے یقین یہان رہ گیا وہان رہ گیا
قاصدون کے پانون توڑے بدگمانی نے مری
خط دیا لیکن نہ بتلایا نشان کوے دوست
اوس بلائے جان سے آتش دیکھیے کیونکر بنی
دل سوا شیشے سی نازک دل سی نازک خوے دوست
آمد آمد اوس سراپا نور کی ہے بزم مین
شمع اوڑ جائے جو ہاتھ آئین پہ پروانہ آج
دندان یار جب سے سمائے ہین آنکھ مین
لیتی ہین موتی جوہری اپنے نگاہ پہ
کوچۂ یار مین سایہ کیطرح رہتا ہون
در کے نزدیک کبھی ہون کبھی دیوار کی پاس
ای جذبِ دل بغل مین سمجھتا ہون یار کو
جاتا ہے دھیان جب تیری امداد کیطرف
سجدۂ شکر خدایا مین کیے رکہتا ہون
پاؤن پہ یار کے سر کو ہی جھکانا شب وصل
وحشی تھی بوے گل کیطرح اس جہان مین ہم
نکلی تو پھر کے آئی نہ اپنے مکان مین ہم
لوث گناہ کو جو کبھی آگیا ہے دھیان
غوطے لگائے ہین عرق انفعال مین
مری ضد سے ہوا ہے مہربان دوست
مری احسان ہین دشمن پہ ہزارون
اسی جان کے برابر ہے ترے مرتے ہمنی رکھا ہی
ہماری قبر پہ رویا کری گی آرزو برسون
خاک مین ملکے بھی ہون گا نہ غبار دامن
کمر یار سے اوٹھتا نہین بار دامن
نوازش ہجریان عشق پہ جلاد کرتے ہین
خدا اجر اونکو دے اسکا اسیر آزاد کرتی ہین
برہمن آنکھون کو ملتا ہے جو پاکے بت پہ
رشک آتا ہے مجھے سنگ در یار نہو
چمن دہر مین وہ سبزۂ خوابیدہ ہو نہین
باغ جنت کی ہوا سے بھی جو بیدار نہو

جس تو دمین شریک ہوئے اپنی خاک اوسی
حسرت ہی رہ گئی لب معشوق تیر کے
سنگ در پر کسی محبوب کی وے ٹیکون گا
بد دماغی جو یہی ہے تو ہوا سے ٹکرے
جلاتی ہے دل آتش بلور کے طرح
کسی پہ وہ نشین کے لن ترا سنے
ایڑیون تک تیری جو ٹیکی رسائی ہوتی ؞
کل جو آنے تجھے بلا آج ہی آئے ہوتے
ہنسنے والا نہین ہے رونے پہ ؞؞
ہمکو غربت وطن سے بہتر ہے ؞
ہاتھ مشتاق گریبان ہے جنون کا جوش ہے
پیرہن تن پر مرے گرمیکا بالاپوش ہے
منزل ہی دور ہے جو یہ پہونچے نہین ہنوز
دم لینے والے راہ مین عمر روان نہ تھے
افسوس ہی فرہاد کو پہلے ہی نسوب تھے
سر توڑ کے مرجائیے اس کوہ کنی سے
پیامبر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا ؞؞
زبان غیر سے کیا شرح آرزو کرتے
پریزادون کے کوچمین ہوئی ہین گرد آلودہ
ہمارے پاؤنکو دہوئینگے حورین آب کوثر سے

آرزو تخلص سراج الدین علیخان اکبرآبادیست حالش از فرط شهرت آرزو مند آن نیست که راقم متصدی آن شود گاهی بنابر تفنن بفکر ریخته می پرداخت از وست

اوس تند خو صنم سے ملنے لگا ہون جب سی
ہر کوئی مانتا ہے میرے دلاورے کو ؞
جان تجہ پہ کچھ اعتماد نہین
زندگانی کا کیا بھروسا ہے

آرام تخلص خیر اللہ خان نام تیر گرے بوده از یاران صحبت نواب ظفریاب خان نهال حیاتش بحالت نو نشو پژمرده گشت

چمن سے کہنا تو غبار آئی رشک گلشن چھوڑ دی
خاک عاشق پہ جھٹکتا کیون ہے دامن چھوڑ دو

آرام تخلص رای پریم ناتھ قوم کھتری پیشکار تن نستعلیق را بدرستی مینوشته و آوازه شکسته رونق بازار کفایت خان شکسته در تیر اندازی هم دستی داشت فکر ریخته و فارسی میکرد از وست

خون آنکھون سے نکلتا ہے رہا
دل کا فوارہ اوچھلتا ہی رہا
کون دلداری کرے آرام کی ؞
ایک مجنون تھا سو جلتا ہی رہا

آرام تخلص مکھن لعل از کاتبان است مرد زنده دلی بوده این بیت از و ناچار نوشته اند

ہمدمو مجھسے یہ کہتے ہو نہ تو یار سے مل
اوسکو سمجھا کو ذرا یہ کہ نہ اغیار سے مل

آزردہ تخلص افضل الفضلا اعلم العلما قدوۃ البلغاے ذوی الاحترام اسوہ فصحای عالیمقام حاوی مناقب جلیلہ بکبرہا و قلہا جامع مناصب جلیلہ باسرہا و جلہا باعث ظہور فنون عجیبہ مالک ازمہ علوم غریبہ ملک ملک بیان و معانی فرمان فرمای قلمرو سخندانی الذی کشف القناع عن وجوہ مخدرات الحقایق و الفہوم بالفاظ اذا تشنفہا السمع و تعاف سواہا و قد شغف قلبا الذکی ابکار المعارف والعلوم بمعان ما اقتضاہا من الفہم وما ابہاہا فاق علی اقرانہ وبرع ابنای زمانہ حتی کانہ فی الابیات بیت القصیدہ وفی الکلمات کلمۃ لبید وفی الاطعمۃ طعام الثرید وفی الایام ایام العید و فی اللیالی لیلۃ القدر وفی الصلوات صلوۃ الفجر وفی المیاہ ماء زمزم وفی الجواہر فوز المرزم وفی السور سورۃ الاخلاص وفی الاوعیہ وعاء سعد بن ابی وقاص بل حیث تمام لا تشکر ایادی غیومہ وفلک دایر لا ینکر ضوء نجومہ فلیس للاحد ان یبارزہ فی میدان علم من العلوم اصلا او یجاریہ فی قیاس فی فن من الفنون فرحا و اصلا شعر

اعنی بدیع الکمال لا نظیر لہ ‏ نفوسنا بالہوی فی خیر شغفت
یا صدر علم لہ فی الصدر منزلۃ ‏ من دون علیاتہا الافکار قد وقفت

ہمہ جلی الشان علی المکان مولانا محمد صدر الدین خان بہادر لازالت انوار المعارف ہاطلۃ علیہ وانوار المحاسن حاصلۃ لدیہ وسحب الفیض الاقدس فی الباطن والظاہر ماطرۃ حوالیہ و اصناف الکرم و المجد بین یدیہ اگرچہ محامد ذکر شریف ایشان را درین جریدہ آوردن شاید تا این نامہ گرامی را بی نام نامیش کہ تا قیام قیامت بر جریدہ روزگار ثبت باد در نظر اولو الابصار قبولی نباید لاجرم بگزارش لختی از جلائل مآثر ایشان می پردازد و بدین ہمایون مذکور رونق این صحیفہ افزون تر می سازد بحسن شرکت چنین فاضل گرانمایہ مژدہ اعتبار باہل سخن میدہد و بدین خجستہ تقریب منتہای ہنر بانان می نہد فی الجملہ مولانا از دودہ بزرگ است بزرگانش از اہل علم و اعتبار بودہ اند مولد و منشای وی ہمین بقعہ مبارکست اعلی ترین مناصب فیصل خصومات کہ باصطلاح اہل فرنگ صدر صدورش میخوانند وامروز در سلطنت ایشان برای ارباب ہند شایستہ تر ازین خدمتی نیست با ایشان است و مولانا آن ذریعہ کسب معیشت دنیوی را وسیلہ نیل مثوبات اخروی گردانیدہ کہ ہمہ ہمتش صرف روای کار انام است و برکت نفعش

شامل خاص و عام باداعی اتحاد موفور والتیام نامحصور دارد روزی نیست که شہد صحبت ایشان چشیده نشود و باین قند مکرر کام جان حلاوت اندوز نگردد و با اعتقاد من روزیکه بی شرف مجالست ایشان بپایان اید داخل ایام عمر نیست خلق مجسم است و لطف مصور معانی اندیشه را بہتر ازین نقشی نه بر صفحه خاطر است و نه پیشگاه نظر در فنون ادبیه ثانی اعشی و جریر است و در فنون حکمیه ثالث باقر و نصیر رسیدن باندازه فہمش نه سہل است و دعوی ادراک علمش از جہل خیاط ازل باین خوبی قبای قابلیت بر بالای تو دوخته و روشنگر قضا باین روشندلی و آگاہی آئینه ضمیری نیفروخته باین فضیلت شاعری از ایران سر نکشیده و باین عظمت ساحری از بابل نرسیده با خیال شرح کمالاتش طوطی خامه من باین قدرت گفتار زمزمه سنج بی زبانی است و با ہوای اوج مکانتش طایر اندیشه ام باین بلندی پرواز عاجز از بال افشانی نه من باندازه مدحش نتوانم نمود که کس بشایستگی نتواندش ستود **بیت** انوری عاجز است و من عاجز طرح مدحش که درخور اندازد ٭ ناگزیر بیاد بیتے چند از کلام معجز نظامش جان در تن مردگان میدہد

مر کر بھی ہمارا دل بیتاب نه ٹھہرا
کشته بھی ہوا تو بھی یه سیماب نه ٹھہرا
اس درد جدائی سے کہین جان نکل جائے
آزرده مرے حق مین ذرا تو بھی دعا کر
ہو نه دامن گیر کوئی جان کر قاتل تجھے
تو بھی روتا چل جنازے کو ہمارے دیکھکر
برگشته بخت جذبهٔ دل تمکو آفرین
آکر وه پھر گیا میری بیت الحزن کے پاس
آمد آمد ہوئی پھر موسم گل کی شاید
اندنون چاک کو پاتے ہین گریبان سی انس
ناصح یہان یه فکر ہے سینه بھی چاک ہو
ہی فکر بخیه تجکو گریبان کے چاک مین
گیا کون سا صید افگن ادھر سے
که خالے پڑے آشیانے بہت ہین
یه چھیڑ دیکھ مجھسے شب وصل مین کہے
تو اجنبی سے ہے بند قبا کیونکه وا کرون
گو اسیری مین ہون پر مثل اسیر تصویر
نه غم قید نه پروائے رہائی مجھکو
اولجھنے کو بلا ہین آپ بھی کچھ خیر ہے صاحب
لگایا ہاتھ کس نے آپ کے زلف پریشانکو
تیری مجروح کے سینه مین کچھ گرمی سی باقی تھی
وہین بس ہو گیا ٹھنڈا جو کھینچا تیری پیکانکو

اوس شوخ سے مربوط بہت سہل سے ہوتے
اگر ہم بھی سبک حرکت نااہل سے ہوتے

آزاد تخلص شیخ امیر الدین نام تلمیذ غلام علی عشرت بریلوی بوده ازوست

بن تری سیر چمن کو نہ گئے ہم ورنہ
خندۂ گل نے ہمین خوب رلایا ہوتا

آزاد تخلص میر فقیر الله از قدماست از کلام اوست

سب صنعتین جہان کی آزاد ہمکو ہین
پر جس سے یار ملتا ایسا ہنر نہ آیا

آزاد تخلص رام سنگھ مردی بود بزیور ارادت و اخلاق آراسته پس از تحصیل ضروری چشمش از حلیه نور عاری شد شوق شعرش از حد رقم فزون تر بود در مشاعره مہدی علیخان عاشق تخلص بکشمکش شوق میرسید ازوست

انداز پیارے تری طرز تکلم اور ہے
طور چشمک اور ہے وضع تبسم اور ہے

آشوب تخلص میر امداد علی خان خلف میر روشن علیخان فروغ از اہل شاہجہان آباد شاگرد میر نظام الدین ممنونست طرز کلامش بشیوه استادش بسیار مینماید و در هر مجلس مشاعره شریک میشود غزل طرح فکر می کند با راقم آشنائی دارد جوان مهذب است ازوست

ناوک غم سے چھنا یہان تک تن اس ناکام کا
استخوان پر ہے گمان میرے ہما کو دام کا

گنہ کے بوجھ سے محشر تلک پہنچ نہ سکے
آسمین پہ وہ رہا ہم گناہ گارون کا

نہ آتو میری بالین پہ تماشا جذبۂ دل کا
دکھا دونگا تجھے گر آپ مین مین بھی کبھو آیا

کوئی دم خاک مین ہم خاک کے آسودون کو
اوسکے ہنگامۂ رفتار نے سونے نہ دیا

پوچھا جو مین نے یار سے انجام سوز عشق
شوخی سے اک چراغ کو اوسنے بجھا دیا

دل کو نہ سمجھے تھے کہ اوس بزم سی لی آئینگے
ہاے اپنا بھی ہوا وہان سے پھر آنا مشکل

جفا کے کب تلک تم کرو ہم گلہ کرین
وصل کی رات کم رہی آؤ معاملہ کرین

بس آلودگی دامن قاتل نہ گیا
کسقدر ذوق تپیدن سے پشیمان ہوئین

دل کہین دیدہ کہین صبر کہین تاب کہین
ہاے کتنا شب ہجران مین پریشان ہم ہین

یہ دیدہ و دل اوس پہ مائل میرے دونون ہین
دشمن میری دونون ہین قاتل میری دونون ہین

آشفتہ تخلص عظیم الدین خان نام عرف بھوری خان قوم افغان از شاگردان میر محمدی مائل است گویند مردی بود آشفتہ طبع وارستہ مزاج آخر ہا باکتساب باطن مائل و توبہ از شعر نمود از کلام اوست

برگشتہ بخت ہم سی دیکھی ہین کم کسی نے
جب ہم ہوی مقابل وہ منہ کو موڑ بیٹھے
دیوانگی ہماری ہر لحظہ یہان سے ہے تازہ
شیدا ہین اوس پری پہ ہم گرچہ مدتون سے
بنی کو خاطر اصحاب کیون نہو منظور ٭
کہ زیب و زینت مجلس ہے چار یارون سے

آشفتہ تخلص میرزا رضا قلی خلف حکیم محمد شفیع بعضی او را از لکھنو و بعضی از اکبرآباد دانند بہمہ حال جوانی گداختہ و دردمند و در فن طب دستی ارجمند داشت ہمت بہ ترتیب محفل مشاعرہ می گماشت کلامش بنظر میر سوز در آوردہ است شعرش شستہ و صاف و فکرش مطبوع طبع اہل انصاف این ابیات از و نوشتہ شد

جی تھا آنکھون مین یار تھا دل مین
یہان تلک انتظار تھا دل مین ٭
مر گئے پر بھی ہمکو خاک ندے ٭
آج تک یہ غبار تھا دل مین ٭
دم آخر جو ہچکی آئی تھے ٭ ٭
وہ فراموش کار تھا دل مین
فقط نہ اپنے ہی تم آن دیکھتے جاؤ
ادہر اودہر بھی مری جان دیکھتے جاؤ
بجائے اشک نکلتی ہین پارہ ہاے جگر
تمہارے جسمین تھا ارمان دیکھتے جاؤ
دکھائی آئے تجھے دامن کی چاک کی خوبی
ہمارا چاک گریبان دیکھتے جاؤ ٭
اگر یہ ہووے گی تصدیعہ لیکن آشفتہ
کوئی گھڑی کا ہے مہمان دیکھتے جاؤ
اپنی سے ہوتی بھلا غیر کو صدقے تو نکر
ہم بھی جی رکھتے ہین پیاری تیری قربان نکر
چہرہ کمھلا اندرون غم پنہان سے زرد ہے
ظاہر مین کچھ مرض نہین پر دل مین درد ہے
چلا ہے کعبہ کو آشفتہ پارسا بنکر
خدا جو بیٹھے بٹھائی اوسے خراب کری
ہمیشہ آگ نکلتی ہے میری سینے سے
الٰہی موت دی گذرا مین ایسے جینے سے
مر گیا ایک صنم پہ آشفتہ
موت ایسی خدا نصیب کری

آشفتہ تخلص سید منور علی خلف سید علی نواز رضوی از سادات عالی گہر بارہہ ولادتش

در جہان آباد دہلی اتفاق افتادہ در فن طب دستی بلند و پایۂ عالی دارد استفادہ این فن از خدمت حکیم غلام حیدر خان کہ از مشاہیر اعیان دہلی است نمودہ بتاثیر تخلص آشفتہ مزاج و شوریدہ طبع نمکی از شور عشق در خمیرش افتادہ و تخلص از فقیر خاکسار دارد خلاصہ ذکرت اوست

پرسش حال کی پھر یاد دلائے اونکے
گور مین بھی پس مردن نہ کچھ آرام آیا
اجل تو نے کیا کیسا مجھے شرمندہ قاتل سے
تماشا تھا او سے میری تڑپنی کے اذیت کا
آشفتہ تیری گور مین تڑپی ہے ساری خلق
ہی بیتہ ار آمد محشر کو جان کر
تم غیر سے ملے ہین کسی سے ملا نہین
سچ ہے کہ بیوفا ہو نہین تم بیوفا نہین
نہ قتل کا خیال ہے اونہین اور نہ موت کو
قسمت مین کیا خدا مری مرنا لکھا نہین
عاشق کو لطف ہی سہے غمزون لطف جو مین
یہ غیر کی سزا ہے ہماری سزا نہین
جو نامہ بر گیا وہ گیا جان سے وہان
آب جیمین ہے رقیب کو ہم نامہ بر کرین
گر سنی ناصح کہ دشمن سی بناہی کس طرح
ہی یقین تو بھی کہی وہ بیوفا کہنے کو ہین
آوارہ ہون آپ پر جہان کو
مین خضر کی طرح رہنما ہون
ہی وصل مین سہے فراق کا غم
ظاہر مین ہون پاس پہ جدا ہون
دیکھین آشفتہ ہمین مر کے بھی راحت ہوگی
یار رہیگا یہ غم و درد میری جان کی ساتھ
خوش ہونگے ہم آشفتہ تاب رخ جانان سے
پوچھیگا قیامت مین بیہوشون سی کیا کوئی
میرا ہے کیا قصور ہے بیتاب و بیقرار
جز غیر اور کون نہین تیرے واسطے
ابھی دلربائی کو کیا جانتا ہے
ستم کو وہ بد خو ادا جانتا ہے
ہی جلادوکے سادگی مین بھی شوخی
مری خون کو رنگ حنا جانتا ہے

آصف تخلص وزیر الممالک نواب یحیی خان آصف الدولہ بہادر داستانہای محامد و مکارمش افسانہ گوش عالم است و شرح بزرگیہای ایشان خارج از حد رقم در احسان عمیم و ہمت فخیم بی نظیر و عدیل گوئی ابر مدرار چشمہ سار فیض حضرت رب جلیل بود دست گہر ریز و کف زر پاشش داشت ارباب نیاز و حاجت را خانہ از استغنا می انباشت در تیر اندازیش دستی تمام بود و بشکار رغبتی تمام آرست **فرد** شہان را ضرور است مشق تفنگ

کہ آید سپید چینہ لبابکار ہ مرغان ہوا را بہ زمین می افگند و این او صنعت حرفی از قدر اندازی اوست با فن شعر مألوف بود و اکثر ارباب این فن را بصلہ و جائزہ شایان نواختہ چہل سال فوت کرد انا للہ و انا الیہ راجعون این ابیات از افکار پاکیزہ اوست

ایک دن یار سے یہ مین نے کہا
اب تو ہم طاقت و توان سے گئے
ہنسکے کہنے لگا کہ اے آصف
یہی کہ کہتے لاکھون جان سے گئے
ملنے نہ ملنے کا تو وہ مختار آپ ہے
یہ ہمکو چاہیے کہ تک در سے لگے رہے
جاروبکش نے اوسکی نہ رہنے دیا مجھے
گر وہان نسیم شکل پرکاہ لے گئے

آفتاب تخلص حضرت فردوس منزل ابو المظفر مجاہد الدین شاہ عالم بادشاہ غازی انار اللہ برہانہ انوار حقائق ایشان چون آفتاب نیمروز بہ ساحت خاطر عالمی پرتو افگن و شمع مکارمش کالبدر الدجی تابندہ و درخشان نیازمند اظہار و محتاج اعلان نیست چہل و نہ سال رایت سلطنت برافراختہ امروز وفات ایشان را بیست و نہ سال گذشتہ با سخن و اہل سخن الفتی بسیار داشتہ بیتی چند از نتایج افکار ایشان انتخاب یافت

صبح اوٹھ جام سے گذرتی ہے
شب دلارام سے گذرتی ہے
عاقبت کی خبر خدا جانے
اب تو آرام سے گذرتی ہے
آئی جو خواب مین بہی وہ یوسف عذار تو ہم
اے آفتاب دولت بیدار سمجھیے

آفرین تخلص شیخ قلندر بخش ساکن سہارنپور سلسلہ نسبش با امام الائمہ سراج الامۃ ابو حنیفہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ منتہی میشود گویند کہ از صنائع شعر بسیار آگاہ بود رسالہ مسمی تحفۃ الصناعۃ تصنیف نمودہ اوست و اصناف سخن مانند لغز و قصاید و مثنوی نظم فرمودہ خلاصہ فکرت اوست

نجا چمن مین تو اب آفرین کہ جون غنچہ
لبو نہین اوسکے نہان ہی بہار خندہ گل
بہت ہین گرچہ تمہین اوسکے ناز کرنیکو
پڑے تو ہم بہی نہین دل نیاز کرنیکو

آفاق تخلص میر فرید الدین ابن بہار الدین نسبت قرابت با شاہ سلیمان کہ از مشائخ اولیاء دہلی بودہ داشتہ از تلامذہ ثناء اللہ خان فراق است [illegible] اوست

ہاتھہ کا اوسکے خط لکھا لایا ہ
تیرے قاصد مین ہاتھہ کی صدق

آگاہ تخلص میر حسن علی از افسانہ خوانان شاہی شخصی است در نہایت جودت طبع و حدت ذہن در چندین فنونش نیکو دستی است این بیت اوست

ہان تیغ کھینچ اے بت آتش مزاج تو
مرنے پر آج یہ سبھی گنہ گار گرم ہے

آگاہ تخلص نور خان نام شخصی است از قوم افاغنہ جز این دیگر از حالش آگاہ نیم اوراست

منہ دیکھو اپنا سیکھو ابھی رسم چاہ کے
باتین بنا بنا کے سیکھے نباہ کے

اطل تخلص میر عبد الجلیل نام از سادات گرامی قدر شاہجہان آباد دہلی بودہ است شاگرد معنوی جعفر زٹلی و استاد را بظاہر ندیدہ از دست

زلف سے ہے چہرہ پہ یا جنجال ہے
جنبش ابرو ہے یا بھونچال ہے

اختر تخلص حسین علیخان خلف الصدق مرزا حیدر بیگ خان تورانی شرف شاگردی شیخ امام بخش ناسخ دارد و غزلی از و کہ این اشعار از انست شہرت تمام دارد جز این شعری دیگر نامش گوش نخوردہ اوست

بسکہ ورد آٹھون پہر نام اوس مہ تابان کا ہی
بن گیا اختر مرے تسبیح کا جو دانہ تھا

سنکی غل شب تا در زندان وہ آکر پھر گیا
شیون زنجیر خواب بخت کو افسانہ تھا

اثر تخلص سید محمد میر کہین برادر خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ مرد شکستہ و دل ریش است و از فدائیان ہمین برادر خویش بتقاضاے دودمان خود از نسبتہاے باطن ماہر و آثار صلاح و تقوے از سیماے حالش ظاہر روز ہا شد کہ این جہان گزران را گذاشت دیوان قلیل الحجم دارد ملاحظہ شد بعض خیالات ایشان بہ قصوے نہایت دردمندانہ و دلپذیر و مطبوع واقع شدہ مثنوے ایشان شہرت تمام دارد کہ بناے آن بر محاورہ بحت است و ازین جہت مرغوب عوام این چند بیت از دیوانش انتخاب افتاد

دیکھیں گے اوسکے سنگدلی کو ہم ای اثر
گر کوئے نالہ ہم سے سرانجام ہوگیا

اوس سنگدل کی دلمین تونالی نی جانہ کی
کیا فائدہ جو اوسکے جی مین اثر گیا

ہوجائینگے جور اوسکے معلوم
داغون کو مرے شمار کرنا

کیا کیسے اثر تو آپ ہی ٹک دیکھہ
جی اسکے بچا خدا خدا کر ◆
لگی رکھے نہ تو نے میرے ساتھہ
بیوفا تیرے کچھہ نہین تقصیر
یون خدا کی خدائی برحق ہے
مر تو چلے کہان تلک اب درگذر کرین
جی مین ہے از سر نو جور تیرے یاد کرین
ہم اسیرون کی اوسی چاہی خاطرداری
یہان تغافل مین اپنا کام ہوا
حال میرا نہ پوچھ چھپے مجھہ سے ◆
نہ لگائے گئے جہان دل کو ◆
ہر دن فزون ہین کجرویان روزگار کے
مانا اثر کہ وعدۂ فردا غلط نہین
غرض آئینہ وار ہے دل سے
تیری عیاریون کے باتین اثر
اور تو کوئی نہین دام و قفس انگیز
دلربائے و دلبرے تجھکو
دوست ہوتا جو وہ تو کیا ہوتا
حال پہ اپنے مجھکو آپ اثر
آپ ہی نہ جل بجھی نہ کچھہ اوس دل مین راہ
چھپ چھپ کی دیکھنی کی مزی سب یہ ابی اثر
کبھی دوستی ہے کبھی دشمنی ◆
ہمین حیرت ہی آپ ہی تجھکو دیوین کیا جواب اسکا

یون حال اپنا تباہ کرنا ◆◆
پھر اور بتون کے چاہ کرنا
تیرے نزدیک قصہ پاک ہوا
مجکو میرے وفا ہے راس نہین
یہ ہمین تو اثر کے آس نہین ◆
یا ہم نہین اثر آہ مین یا آسمان نہین
تو سُنی یا نسُنی نالہ و فریاد کرین
اور اوسے لیے نہ کہ ہم خاطر صیاد کرین
تیرے نزدیک یہ جفا ہے نہین
بات میرے جو معتبر ہے نہین
آہ لیجائیے کہان دل کو ◆
کچھ سیکھتا چلا ہے روش میری یار کے
لیکن کئے نہ آج یہ شب انتظار کی
تیرا جلوہ سبھے دیکھا نا ہے ◆
سب سمجھتا ہے گو دوانا ہے ◆
تنگ آیا ہون فقط دل کی گرفتاری سے
گو کہ آتے ہے پہ نہین آتے
دشمنے پہ تو پیار آتا ہے
رحم بے اختیار آتا ہے
اس پہ کھینچیگے آہ کہ ہمنے بھی آہ کی
معلوم ہوگی جو کبھی اوس نے نگاہ کی
ترے کون سے بات پہ جائیے ◆
کہ تجھہ بن اب تلک کسطرح ہمنے زندگانی کی

آپ مین سے لینے لگون سو ہی کہان میری مجال
پوچھے تو احوال میرا ایسے کیا تجکو پڑے

مہر و کین کچھ تو ہے تحقیق سے کیا کام مجھے
یون تو ناحق نہین دی بیٹھے ہین دشنام مجھے

کب کب تیری گلی مین ہم بیقرار آ گئے
سو بار جی نے چاہا تب ایک بار آ گئے

تارے تو بہت گنے شب ہجر
داغ اپنے مگر شمار کیجے

کب کب آتا ہی اثر کیون سے تجھے تنگ آتا ہے
آ نکلتا ہے کبھو جی سے جو تنگ آتا ہے

احسان تخلص از اہل لکھنؤ است در مرثیہ گوئی شہرت دارد این بیت از و بدست آمده

مجنون کو اپنے لیلے کا محمل عزیز ہی
دلمین ہمارے تو ہی ہمین دل عزیز ہے

احسان تخلص حافظ عبد الرحمن خان از سخن طرازان عہد حضرت فردوس منزل شاہ عالم بادشاہ است سالہا بعہدہ مختاری سرکار مرزا ایزد بخش بہادر سرفراز مانده بشمار اعزه این دیار مے آید باوجود پیرانہ سالی اکثر و بیشتر شامل بزم مشاعره میشود اشعار عاشقانہ اش ناخن بدل زن است در صنائع لفظے مانند جناس و اشتقاق و طباق و غیر آن اصرار از حد افزون دارد و با راقم تعارفش ہست صاحب اخلاق نیک است دیوانش ملاحظہ شد این اشعار ازان انتخاب یافت

دو دن ہی مین جدا ہون ناوس ہو کر سی احسان
ایک سو طرح کا صدمہ اس درمیان مین کیا

کہان وہ گریہ وہ نالہ وہ جان بلب رہنا
کسی کا کام ہمیشہ بنا نہین رہتا

گلی ہی لگتی ہی جتنے گلی تھے بہول گئے
وگرنہ یاد تھین مجکو شکایتین کیا کیا

مین تو اوس نوجوان پر غش ہون
ہاے عالم ترے جوانی کا

سخت نادانی کی احسان جو کہا عاشق ہون
بہید کہتا ہے کسو سے کوئی نادان دل کا

ہی وہ مرید آبلۂ پاے عاشقان
پانی پہ ٹہری کیونکہ نہ بستر حباب کا

مرے آتی ہے جب نیند آئے تو اب
یہ اپنی چشم پوشی دیکھتا جا

یارو جنون کو میری گریبان کے فکر ہے
تا صبح کے سینہ کو آنکے کوئی نہ سی گیا

یہی مجکو رہ رہ کے آتا ہے ارمان
کہ تجھسے نہ کچھ میرا ارمان نکلا

مجہ پر نہ پیک یار سے کچھ خشمگین ہوا
نامہ بھی وا کیا تو وہ چین بر جبین ہوا

اسمین بہی در اندازون نے سو رخنہ لگا لے
دامن کوہ کو تکتا ہے بحسرت مجنون
آخر کو لگے گور کے ہم آہ کنارے
خاک ہو کر بہی رہون تھا یہ دلنے چاہا
میناے بادہ ہاتھہ سی یون میری لیگیا
جو کوئی جان بچا کر تمہارے درسے پھرا
دل آہن سرشت اوسکا بنے موم
فائدہ تم جو مجھے نزع مین یار آئے نظر
مجھکو مت ٹھکراو بس چلیے سنبہل کر دیکھکر
دیکھیو میری طرف سے کہیو اے اختر شناس
کوٹھے پہ چہٹا کر تو میری جان سمجھکر
گرد دل احسان غم معشوق دمی صد آفرین
کڑہا ہے دیکھکے مجکو تو اسطرح ظالم
احسان مین جسکی نام پہ دیتا ہون اپنی جان
غم ساتھہ ہوا گلے سے تیرے •
مین جو سئے پینے پہ آؤن تو سبو بچاؤن
مین تڑپتا ہون غم عشق بتا نہین احسان
کسی مرد کی خاطر جکو ایک جوہر بناناہی
مت گرد گرد پہر تو ہر دم مرے دعا کی
خفامت ہو مجکو ٹھکانے بہت ہین
کہتے ہو کیا رقیب کو بھیجون بتا صلاح
کچھ سانس کا آئی ہی رہ رہ کی یہ ڈر ہے
اوس سے پوچھی ہی جو احسان وفا پیشہ کبھی

احسان نے جو آپ رخنہ دیوار کو دیکھا
سنگ باقی نہ رہا دامن طفلان مین لیا
دریای محبت کا یہ ساحل نظر آیا
کیا کرون لیک نہ کمبخت صبانے چاہا
خون محتسب کا آج تو پیا حلال تھا
یہ جانتا ہون میری جان خدا کی گھر سی پھرا
مدد اے روح عالے شان داؤد
ہی نہ یارائے سخن اور نہ یارائے نظر
چال سب چلتی ہین لیکن نبد پیرو دیکھکر
کیون فلک کو تو نے دیکھا میری اختر دیکھکر
پریان نہ اوتر آئین پرستان سمجھکر
پیر و مرشد واہ یہ بدعت خدا کے گھر کی پاس
نہان زبان پہ ہے الحمد و آتشکا ردیغ
وہ جانتا نہین ہے مرا نام اب تلک
ایک آئے تھے اور دو گئے ہم
گر عسس منع کرے اوسکا لہو بہاؤن
حکما فصل لے لے خفقان کہتے ہین
اگر بیچے فلک عقد ثریا مول لیتے ہین
ہم کو سئے تیری منت تاثیر کھینچتے ہین
مرا سر ہے آستانے بہت ہین
لعنت سے بیٹھے گا یزید لعین کو
قاصد نہ کہین راہ مین کمبخت رکا ہو
بیوفا کون ہے کہتا ہے وہ عیار کہ تو

حال دل حزین جگر خستگان یہ رحم
جنت مین مجھکو اوسکے گلی سی ہین لے چلے
کوئی فلک زدہ ایسا نہین زمین پہ کہین
چین تجھکو ہے نہو مجھکو ستانے والے
آشنا کس کے ہین بیدید ہین یہ دیدہ و دل
انکی رونے پہ ہنسی آتی ہی مجھکو احسان
بیٹھہ اے آہ بس خدا نکرے *
یاد مسجد مین آئینگے احسان *
کچھہ اپنی بغل دیکھہ کے روتا ہے تو احسان
بس خاک قدم دیجیے تکرار بہت سے
ہم لائق بندگی نہین تو *
ہم جان چکے کہ جان کے ساتھہ
کھتی ہین لپٹ گیا وہ رہ سے
کیا کام کسے سے ہمکو احسان
مجھکو مت چھیڑو معاذ اللہ میری لب تلک
ی بخت تو جاگ اور جگا ہمکو کہ پھر ہم
زاہد مسجد مین یہ دیر مگر بعید ہی اور
یہ ستانے سی مری تجھکو ہی حاصل ظالم
مرنے کے بعد انکے کٹوائین بیڑیان

مین نے کہا ثواب ہی کہنے لگا گناہ
کیا جانیے کہ مجھسے ہوا آہ کیا گناہ
داغ آہ کا اسپہ بہی آسمان پر ہے
تو بہی ٹھنڈا اثر ہے بیچکے جلانے والے
ہین یہی دیدہ و دل خستہ ڈوبانے والے
دو ڈہے پانیکو ہین کیا آگ لگانے والے
تجھکو فرصت ہو سر اوٹھانے سکے
کیفیت اس شراب خانے سکے
ہان اوٹھکے گیا کوئی تو ہی پہلو سے میرے
مٹی مری اس خاک نی ہے خوار بہت کے
بس خیر ہے بندگی ہمارے
جائیگی یہ جان سکنے ہمارے
تقدیر او لٹ گئے ہمارے
ہم اور یہ بیکسی ہمارے
نالی گر آئین تو پھٹ جائین جگر دو چار کے
تا حشر نجاگین سگے جگانے سی کسو کے
گنج قارون پہ حسرت سے نظر کرتا ہے
تجھی موذی کی خلقت سبھی ایذا پہونچے
آج آپ اپنی کشتے کی منت بڑہا چلے

احسن تخلص میر حنیش نام سیکے بوده از معاصرین آبرو و ناجی و بطور ایشان غزل سرا ست اوست

نازک بدن یہ اپنی کرتے ہو تم جو غرّہ
موسی کمر نے تمکو فرعون سا بنایا

مضمون این بیت کہ مرقوم شد بعینہ دون الاثر در کلام شاہ مبارک برو یافتہ شد اما چون از صاحب ترجمہ شعر سے آخر کہ لیاقت داشتہ باشد در نظر نبود ناچار ثبت گشتہ

احسن تخلص مرزا احسن علی در سرکار نواب آصف الدوله مرحوم به پیشهٔ شاعری ملازم بود بحسن خط و نیکوئے بیان مشهور است و در تلامذهٔ مرزا رفیع سودا معدود هر چند در بدایت حال پرتوے از میر ضیا هم گرفته اما ذره اش خورشید ازو گشته اوست

ٹکڑے اوڑ جائینگی سینے مین جگر کے احسن
تیر سے نالون کا کوئی دن جو یہ انداز رہا
حسن پہ اپنے ہر ایک مہ پارہ گرم لاف تھا
گھر سے وہ خورشید رو نکلا تو مطلع صاف تھا
اشک گلگون کو نہین لعل و گہر سے پیوند
یہ رگ سنگ سی نسبت وہ جگر سی پیوند
سجدہ گہ ہے خاک احسن اب تو ساری خلق کے
جان دی تھی اوس نے کس کی حسرت پابوس مین
بزم مین اوسکی جو ہوتی ہے کبھی سرگوشے
دل دھڑکتا ہے کہ میرا کہین مذکور نہو
تم تو دل مانگو ہو یہان جان تلک حاضر ہے
بات یہ بھی ہے کوئی آپ کی فرمائی سکے

احسن تخلص احسن الله خان جهان آبادی سے متصل دروازه لاهوری در مسجد سرهندی میماند وقتی چشم ابروی زیبا صنمی را دیده سر بسجده فرود آورده منبر و محراب را بر طاق نسیان گذاشته بجای خطبه ناله بنیاد نهاد و آخر به اندرز واعظان فریفته گشته طریق کهن از سر تازه کرده عهد برهمن گسسته بیعت شیخ نمود و زنار از میان بکشاد و تسبیح بر دست پیچید این بیت نیاشش بنظر رسید و ثبت گردید

اوسکی گلی مین احسن شب چوری چوری جانا
یہ چال ڈھال تیری خانہ خراب کیا ہے

احمد تخلص شیخ حافظ غلام احمد از مردم پنجاب است او راست

گر سیہ ہین دست اپنے نارسا
اوسکے پاؤن تک رسائی ہو چکے

احمد تخلص احمد بیگ از طائفهٔ قزلباش جوانیست صبیح الوجه قواعد سپاهگری را علی احسن وجه می دانسته صاحب رساله سرکار مرزا ولیعهد بهادر بوده ازوست

غضب سی ہاتھ مین جب تو نی تیغ کین پکڑی
نہ اوٹھ سکا تیری بسمل سے یہ زمین پکڑی

احقر تخلص مرزا جواد علے از قزلباش است ولادتش در لکھنؤ اتفاق افتاده اصلاح شعر از میر حسن صاحب لکھنوی بدر منیر گرفته در بدو سن شعور بزیارات اکثر مزارات فائض البرکات فائز شده بوطن برگشته این مطلع ازو پسند آمده

بزم مین اوسکے جو شب چاہ کا مذکور چلا
اوٹھکے محفل سے وہین وہ بت مغرور چلا

اختر تخلص شخصی است از دودمان گورکانے طبعش بفکر شعر فزون تر از اندازہ رغبتے داشت از وست

مجھی بھی ہٹ ہوئی ایسی کہ مر مٹا لیکن
نہ تیرے کوچے سی ہرگز اوٹھا قدم میرا

اختر تخلص میر اکبر علی از مشائخ زادگان سرہند است در صنعت آتشبازی ید طولے داشت از تلامذہ شیخ قلندر بخش جرات است از کلام اوست

تماشی کے سے ہے جا مژگان پہ جو لخت جگر نکلا
عجب یہ نخل ہی جسمین کہ شکل گل ثمر نکلا

ارمان تخلص فرزند جعفر علی حسرت است کہ مشاہیر بلاد مشرق بودہ از تلاشش آگہے دست نداد از وست

چرچا ہوا ہے گھر گھر اب دیکھیے کہ کیا ہو
دو دن نہ چھپ سکے تو چاہت تیرا برا ہو
تا سر بالین اوسی آنا قیامت شاق ہے
یہ دل بیمار جسکا نزع مین مشتاق ہی

اسعد تخلص مرزا اسعد بخت نبیرہ شاہ عالم بادشاہ مقطعے از ایشان مسموع بقلم آمدہ

تو اسعد غضب ہے کہ ہاتھون سی تیرے
نہ تسبیح ٹھہرے نہ زنار ٹھہرے

اسد تخلص میر امانی از سکنائے جہان آباد دہلی است مرد شگفتہ و ظریف بودہ نسبت شاگردی با مرزا رفیع سودا داشت در راہ لکھنؤ سرامیان تبہ کار بد سرانجام خونش ریختند از وست

جون تون اسد کو لائی تھی اوسکی گلی سی ہم
خانہ خراب راہ مین آکر پھسل گیا
بزم بتان ہو جام ہو خلوت ہو پھر تو بس
کافر ہون گر وہان مین خدا کا بھی ڈر کرون
اسد اس جفا پہ بتون سے وفا کے ◆
میرے شیر شاباش رحمت خدا کے
پروانے پڑے جلتے ہین روتی ہی کھڑی شمع
یارب نہ شب وصل ہو کوتاہ کسی کے
جس سے کہ دل ملا تھا جب آیا وہ سامنی
ہلنی نہ پائے ہونٹ کہ سو بات ہو گئے
مانی ہے کوئی وہ بت گمراہ کسو کے ◆
گر آپ سفارش کرے اللہ کسو کے

اسلام تخلص شیخ الاسلام از ساکنین قصبہ تھانہ من مضافات سہارنپور است اور اسعد

ظلم ظالم کا پس مرگ بہی رہتا ہے بجا
ہین یہ بازوی عقاب اب جو بنی تیر کی پر

اسیر تخلص تلبرار نام نصرانی بوده از رفقاے ظفریاب خان جوان تنومند اصلاح سخن از شاه نصیر گرفته او میگوید

ہم اوس آئینہ رو کی ہجر مین یون زیست کرتی ہین
کہ سکتی کی سی حالت ہی نہ جیتی ہین نہ مرتی ہین

آسفان تخلص غالباً نامش هم همین باشد نصرانی بوده اصلش از فرنگ ولادتش بهند اتفاق افتاده ازوست

خط کا یہ جواب آیا جو لکہا کبہی پہر خط
اکر ڈالون گا ایک دم مین تری آنکی پینڈی

اشرف تخلص محمد اشرف نام خلف امام الدین از ساکنان کاندهله بوده ازوست

آتش دل سی ہوا ہی مجہے یہ ڈر پیدا
کہ مری سینہ مین ہووے نہ سمندر پیدا

اصغر تخلص سید امجد علی اکبرآبادے همین برادر حکیم محمد میر که از رفقاے معتبر حضرت والد ماجد بوده از دودمان امجد است از شاه عبدالله بغدادی علیه الرحمة خلافت یافته بورع و وقار تمام و تورع و ثقاوت تمام زندگانی کرده از خیالات اوست

ہوا ہون بسکہ خفا اب تو اپنے جینے سے
لگا ہی لونگا مین اوس تیغ زن کو سینے سی

اظهر تخلص غلام محی الدین شاگرد غلام حسین سروری تخلص که شاعر پارسی گو بود از اهالی جهان آباد است و نیز اصلاح سخن از میر فرزند علی موزون گرفته به تعلیم اطفال بسر می برد او راست

رکہتی ہی مری جان کو مضطر تپش دل
دیکہلا ئینگی ہنگامہ محشر تپش دل

اعظم تخلص اعظم خان از مردم دهلی قوم افغان مردے حریف و ظریف بوده کسب سخن از شاه نصیر کرده آخرها این فن را ترک گفته به کسب علوم پرداخت او راست

اسی مضمون سی معلوم اوسکی سرد مہری ہی
جو اوس نے مجکو نامہ کاغذ کشمیر پہ لکہا
درد دل از بس طبیبون سی نہان رکہتی ہین
شمع آسا نبض زیر استخوان رکہتے ہین ہم

افسوس تخلص میر شبیر علی فرزند میر علی مظفر خان داروغه توپ خانه نواب قاسم خان عالیجاه از مردم نارنول است سلسله نسبش بامام همام جعفر صادق

علیہ السلام میر سید از مشاہیر اہل سخن است از خدمت میر حیدر علی حیران بہ تہذیب کلام پرداختہ در اوائل حال از منتسبان سرکار مرزا جوان بخت بہادر مرحوم بودہ آخر الامر در کلکتہ بسرکار انگریزی منسلک شدہ خدمت ترجمہ کردن کتب فارسے بزبان ریختہ بایشان بودہ اوراست

قفس سی چھٹنی کی امید ہے نہین افسوس
حصول کیا ہے جو مژدہ بہار کا پھونچا

کیا لکھون اوسکو مین احوال یہ کہنا قاصد
ہجر اسے کے سبب طاقت تحریر نہین

دیکھتی ہے اوسی حاضر ہوئی مرجانے کو
وہی اشخاص جو یہان آئی تھے سمجھانیکو

کیون نہو اسقدر گھمنڈ اوس بت پر غرور کو
صبر کسیطرح نہین اس دل ناصبور کو

اوسکی اوٹھتے ہی سجے پہ آن بنے
دیکھیی آگے آگے کیا ہووے

صورت تجھے حق نے دی پری سے
پر آدمیت ہے دے ذرے سے

کچھ بات تم سے کر نہین سکتی ہزار حیف
مدت مین تم ملے بھی تو غیرون کے گھر ملے

افسر تخلص غلام اشرف آبایش سر خدمت گاہ خانۂ بادشاہی بودند از تلامذہ غلام ہمدانی مصحفی است بیشتر فکرش مقصور بہ مراثی بودہ ازوست

جب دیکھی ہی مہ داغ سیہ اپنے جبین پہ
آتا ہے اوسی رشک تیری روی حسین پہ

اکبر تخلص اکبر خان کہین بادعاے آثم بہ اکثر صفات حسنہ متصف است از کمتر ایام رغبتی بشعر پیدا کردہ از حضرت مومن استفادہ میکند ازوست

سوچی حضرت ناصح کوئی تدبیر وصال
حیف چارہ نکرے آپ سا دانا دل کا

خانۂ غیر مین گر لگنے لگا جی تیرا شہ
ہکو ہے اور سے آتا ہے لگانا دل کا

ہوا نہ شوق سی اوس کوچی مین گذر اپنا
ہمیشہ پیچھے رہا ہم سے راہبر اپنا

جنون عشق کا درمان نہو کسی سے بجھے
کہو علاج کرے جا کے چارہ گر اپنا

دیا نہ رنج ستم سوز دل سے کام لیا
یہ خاک ہونیکا احسان ہی چرخ پر اپنا

عدو کی ذکر سی وہان رنجش جائین یہان نوبت آئی
مزاج اوس سے بھی نازک ہے کسقدر اپنا

قتل کر لاشۂ اکبر کو چھپایا گھر مین
بار ہی اوس نے مجھی جانے ندیا اور کہین

ہون صید دام دیدہ مین صیاد در گذر
غفلت مین وہم ہے کہ فریب کمین نہو

دوش ملک پہ دیکھ کی نعش شہید عشق
حورون کو یہ گمان ہے کہ عرش برین نہو

اکبر تباہ دیکھ کے دشمن کو ہنس دیا
اوس بیوفا کو مجسے محبت کہین نہو

کون رویا ہے تیری کوچے مین رات
کیون سفید ہے اوڑ گئے دیوار کے

ہم تو یہین رہے جو خفا ہو تو خوش رہو
آئے نہ تھے طلب سی کہ رخصت کیا چلی

الہام تخلص شیخ شرف الدین المعروف بشاہ ملول از لکھنؤ است مرد وارستہ بودہ و بعلت درویشے باعتبار میز لیست گویند کہ بزمرۂ اساتذہ معدود بود و بفارسی ہم تکلم میکرد از وست

اری بیکسے تیرے قربان ہون
بڑے وقت مین ایک تو رہ گئے ہے

نگہ وہ دشنہ کہ طعنہ کٹار پہ مارے
مژہ وہ تیز کہ خنجر کو دھار پہ مارے

الم تخلص محمد علے از تلامذہ شیخ ابراہیم ذوق است مقطعی بدیہی علی سبیل التذکرہ برزبان راندہ بودند دل تخلیدہ و درین تذکرہ ثبت گردیدہ

نہ تھا تحمل اگر اوسکے ناز کا تو پھر
الم فریفتہ کیون ایسی نازنین کی ہوئی

الفت تخلص یکے از باشندگان قصبہ مظفر نگر است دیگر کیفیتش معلوم نشد شعرے کہ ازو بنظر آمدہ خالے از کیفیت نبود ثبت افتاد

ہمیشہ کہتی تھی الفت کو لوگ ذلت نصیب
سو آج کوچے مین تیرے ہوا بشعلہ نصیب

الفت تخلص منگل سین از کایتان عظیم آباد است بحضرت دہلی حسب رسیلہ اصلاح سخن از قلندر بخش جرأت گرفتہ ازین تپش کہ بزبان خامہ می گذرد می تراود کہ طبع خوشے داشتہ

ہر قدم پہ یہان تلک آنے مین ہو سو ناز سے
کیونکہ گھر جانے لگے شام و سحر دو چار کی

امیر تخلص امیر الدولہ ناصر جنگ معروف بمرزا منیڈھو پور وزیر الممالک نواب شجاع الدولہ بہادر برادر کہتر آصف الدولہ مرحوم است از پیشگاہ خلافت خدمت میر آتشی داشت پیش از فتنہ غلام قادر خان بجہان آباد رنگ مشاعرہ بکاشانہ خود ریختہ بود انجام صحبت حاضران از سفرۂ جیدی و خوان نعمتہائے گوناگون پیش کشیدے از خیالات نازک اوست

یاس و غم و آرزو و جمع یہ سب چیز ہے
بلبلی ترا حوصلہ دل بھی عجب چیز ہی

امیر تخلص نواب سلمہ علے محمد خان از طائفہ جلیلہ افاغنہ نسبت تلمذ بقیام الدین سلمہ قایم دارد پیشتر از اہل سخن ذلہ خوار خوان نوالش بودند بزم مشاعرہ مے آراست از اوست

اوس شکار انداز سی لگ کر کوئی چھٹتی ہی آنکھہ
کیون نہو سوئی قفا مُنہ وقت رم نخچیر کا

بسمین آیا جو تمہارے اوسی چاہو سو کرو
کیا ستم آدمی سہتا نہین لاچاری سی

تیرے گھر جانی سی بس اپنا تو گھر جاتا ہے
ای میرے جان کی دشمن تو کدہر جاتا ہی

ہای سہرے تیری رخسار کی ہنگام عتاب
جتنا بگڑی ہی تو اتنا ہی سنور جاتا ہے

امیر تخلص امیر اللہ مردیست از اہل جہان آباد و نہایت اہلیت و شکستگی با اوست در فن رمل مہارتے درست دارد از تلامذہ شاہ نصیر است باداے اثیم گاہ گاہ مے خورد از کلام اوست

اس تشنہ گلو پہ سے پھرا دیکھہ تو قاتل
بی آب ترا خنجر بران نہ ہوا ہو *

امین تخلص خواجہ امین الدین از ارباب عظیم آباد است و آنکہ نسبتش بمرشد آباد کردہ ازو خطای عظیم آمدہ مرد قناعت پیشہ درست اندیشہ از نتایج فکر اوست

خورشید ترا دیکھہ کے مُنہ کانپ کے نکلا
مہ چادر مہتاب مین مُنہ ڈہانپ کے نکلا

ہمکو کیا گر بہار آتی ہے *
دل وہ غنچہ نہین کہ وا ہو گا

ڈرسی تری نالہ بہی نکلتا نہین لب سے
ظالم ہے ترے ظلم کے تاثیر ہوا پہ

مرتے ہین ہم تو اوسکے لب آبدار پہ
گر آب زندگی ہو تو مارے ہین دہار پہ

بوسہ دیا تہا جبین جو آوے تو پہیر لو
اتنا خفا ہو کس لئے اس خاکسار پر

یہ نہین جوہر نمایان تیغ تیز یار پہ
کہدرہا ہے نام مقتولونکا اس تلوار پہ

دل خیال زلف مین بیخواب بی آرام ہے
رات ہوتی ہے امین بہاری ہر ایک بیمار پہ

دل تو کیا ہے کہین جو آئے یار *
جان آگے نکال رکہتے ہین **

مجہی بی چین رکہتا ہے دل افگار پہلو مین
وہ سوئے کسطرح جسکی رہی ہو یار پہلو مین

ہم آنیکو مانع نہین غیر سے
پہ اتنا ہے خلوت مین ہر دم نہو *

امین کے عندا آرہے ہی یہے
اسلیے یہ خون جگر کم ہنو •
جلوہ ترے حسن کا کہان ہے
یون کہنے کو آفتاب ہان ہے
دن کٹا فریاد مین اور رات زاری مین
عمر کٹنے کو کٹے پہ کیا ہے خوار مین کٹی
صبح گر صبح قیامت ہو تو کچھ پروا نہین
ہجر کے جب رات ایسی بیقراری مین کٹی
کس سے تشبیہ دین بہلا تجھکو
ایک یوسف سو تیرا ثانی ہے

امین تخلص امین الدین خان نام خلف قاضی وحید الدین خان مردیست صلاحیت شعار گزیدہ اطوار بعہد نجیب الدولہ نواب نجیب خان مغفور منصب قضاے دہلی با والدش بودہ و بندہ کہ اشعار دلپذیر بسیار دارد و مارا انچہ بدست آمدہ این بیت است کہ درحضرت اخلای روحانی گذرانیدہ

کون آتا ہے یہ کس کے پاؤن کی آواز ہے
ہر صداے پا مین جسکے سو طرح کا ناز ہی

امین تخلص محمد اسمعیل ابتدائً متخلص بوحشی بودہ وجہ این تغیر و تبدیل پیدا نیست فی الجملہ جوان فرخندہ بود و شرافت نسبی داشتہ ازوست

اپنی تو وہی عید ہے جس روز کہ ہمدم
مکہڑا نظر آجاے لب بام کسی کا

امین تخلص میر محمد امین از اہل بنارس سیدیست پاک نژاد ازوست

سچ ہے کہدو کہ آہ سرد کے ساتھ
ٹھنڈے ٹھنڈے چلے تو چل نکلے

امانی تخلص میر امانی شاہجہان آبادی فرزند خواجہ آسی طریقہ اثنا عشریہ داشت وفاتش در سنہ ۱۱ ہجری اتفاق افتاد این اشعار از افکار اوست

گہبرا ہے مجھے غم نے عجب حال ہے جیکا
اے نالۂ دل وقت ہے فریاد رسیکا
سینے مین جدہر دہو ترا پہونک دی ای آہ
ٹک دل سے خبردار کہ یہ گہر ہے کسیکا
اثر ہہ سنگ مین کیا کیونکر اونکو رام کرین
بتونکے دل ہو تو یارب یہ آہین کام کرین
نامہ بر کہیو زبانی کہ ترے سینے تجہ بن
شمع شب دیکہہ سے مجہے صبح تلک روتی تہی

امانی تخلص شخصی بود از مردم شاہجہان آباد این بیت بنامش ملاحظہ شد و ثبت افتاد

کسکے یہ خار مژگان دل مین کہٹک رہی ہین
جو چشم سے لہو کے قطرہ ٹپک رہی ہین

امجد تخلص مولوے امجد خلف ارشد مولوے ارشد مرد قناعت پیشه بود پدر مولوے عبدالرحمن است که از مخلص احباب فقیر است اوراست

جس گهڑی آنکهو دیکهون هون مین جون قطرهٔ اشک
اپنی نظرون سے بهی امجد مین گرا جاتا هون

اسمی تخلص روشن بیگ نام کهین برادر حمید الدوله منصرم کار سرکار ولیعهد شاگرد شاه نصیر و از علم بی بهره بود نوجوان مرد اوراست

جان زنجیر هم سنتی هین منگوا مول لیتی هین
تیری زلفون کی سودے مین یه سودا مول لیتی هین
جی دهڑکتا تها که کهنیچی مین نه آجای لپک
هاتهه سے چهوڑ دیا مینے ترا جاتے نکے هاتهه

امانت تخلص امانت راے نام هندو یه که محله الیت در جهان آباد مسکن داشت ازوست

تشریف یهان نه لاو یه نامه بر تو بهیجو
مت لو خبر همارے اپنے خبر تو بهیجو

انور تخلص ولے محمد خان از مشائخ زادگان است آبایش داروغه عدالت شاهی بودند بشعر ریخته فارسی لب میکشاد اوراست

ایسی جان بخش هوا موسم گل کی آئی
قصد پرواز مین هین بلبل تصویر کے پر
هوا اشگوفه مین بهار گریبان
برگ گل بنے تار تار گریبان

استظهار تخلص نامش معلوم حقیر نگشته از معاصرین فغان و آبرو است اوراست

جو هین بهار گل کے قفس مین خبر گئے
بلبل یه سنکے ایسی هی تڑپے که مر گئے
کنج قفس مین جاکے بناتا هون آشیان
سیر چمن کی دل سے هوس اسقدر گئے

انیس تخلص امیر الدوله نوازش خان شاگرد میر نظام الدین ممنون همشیره زاده شاه نواز خان مرحوم است که در زمان سلطنت حضرت شاه عالم پادشاه باوج وجا تمام صدر نشین وساده خدمت مختارے بوده خودش نیز باین منصب جلیله سرفراز مانده با راقم الحروف طریق تعارف مسلوک است اما گاهے حکایت شعر وسخن در میان نیامده بزعم فقیر اکنون بدین فن التفاتے ندارد دو سه بیت در تذکره بنامش ملاحظه شد ثبت افتاد

پرکاله آفت تها وه رخسار آتشین آه
چهره جو غضبناک هوا اور بهی چمکا وه

کشتی سے اپنی چرخ خبردار رہ کہ آج
رکھتے سرشک دیدۂ طوفان فشان نہین

انجام تخلص عمدة الملک نواب امیر خان سلسلہ نسبش بمیر میران نعمت اللہی کہ با سلاطین صفویہ قرابت داشتہ میرسد از امراے عہد محمد شاہ بادشاہ است از بسکہ بزرگے ایشان در تواریخ مضبوط و مسطور و بالسنہ و افواہ مشہور و مذکور واسع از ایراد بے نیاز است از نتایج طبع پاکیزہ اوست

ساتھ اپنی سر کی تھا انجام پاس تگنت
شکر ہے ہم تڑپے نہ زیر خنجر جلاد ہم
نعش میری دیکھ کے مقتل مین یون کہنی لگے
کچھ تو یہ صورت نظر آتی ہی پہچانی ہوئی

انشا تخلص میر انشاء اللہ خان خلف حکیم میر ماشاء اللہ خان مصدر تخلص نجفی الاصل مرشد آباد و مولد است از مقربان خدمت وزیر الممالک نواب سعادتعلیخان بہادر بود لختی در فنون رسمیہ مہارتے داشت و در ہر فن کوس لمن الملکی بہ آوازہ تمام می نواخت بر موزونان معاصر از اعتراضات و مطاعن قافیہ تنگ نمودے دیوانے دارد مشتمل بر اصناف سخن و ہیچ صنف را بطریقہ راسخہ شعرا نہ گفتہ اما در شوخی طبع و جودت ذہن او سخنے نیست مرگ او را بست سال سپری شدہ دیوانش بنظر رسید و این ابیات از آن انتخاب گردید و بیت اول نہایت دلپذیر راقم است و الحق بغایت بلند رتبہ واقع شدہ

اوس سی خلوت کی ٹھہر جاتی تو مین اللہ سے
واسطے دونون کے عرش کبریائی مانگتا
جسوقت وہ یوسف سے ہم آغوش تھی اوسوقت
سنتی ہے ترا نام زلیخا کو غش آیا
بچلی تھی حرم کو رہ مین ہوئی ایک صنم پہ عاشق
نہوا ثواب حاصل یہ لیا عذاب اولٹا
آنجوڑے بوسے کی انشا کو بھیجے آپ نے
اسکے یہ معنے کہ لو نقشہ تمہارا جم گیا
گرچہ می پینے سی کی توبہ ہے مین نے ساقی
بھول جاتا ہون ولی تیرے مدارات کی وقت
امرد ہوئی ہین اوسکے خریدار چار پانچ
دی اور ایسے حق سے مجھے اغیار چار پانچ
گلبرگ تر سمجھ کے لگا بیٹھے ایک چونچ
بلبل ہمارے زخم جگر کے کھرنڈ پر
راتون کو نہ نکلا کرو دروازے سے باہر
شوخی مین دھرو پاؤن نہ اندازی سے باہر

کیا ہنسی آتی ہے مجکو حضرت انسان پر
فعل بد تو ان سے ہون لعنت کرے شیطان پر
کہہ تو ای چرخ بھلا تجھسے کسیطرح سبکھے
دل کے ارمان ہماری بھی نکل سکتے ہین
نچھیڑ ای نکہت باد بہاری راہ لگ اپنے
تجھے اٹکھیلیان سوجھی ہین ہم بیزار بیٹھے ہین
گر یار مے پلائے تو کیون کر نہ پیجیے
زاہد نہین مین شیخ نہین کچھہ ولی نہین
دلکوٹ بالی کہ ہر ہاتھہ سی تیری انشا
کوئی کٹرکی بھی تو اس گنبد بیدر مین نہین
چھیڑنے کا تو مزا تب ہے کہو اور سنو
بات مین تم تو خفا ہو گئے لو اور سنو
ہو جو انشا کو اجازت تو بھرے پھر نالہ
کبھی بلبل کے فرشتون کو بھی جو یاد نہو
بولی وہ اپنے سرو خرامان کو تاڑ باندہ
گر قصد بوسہ ہوی تو گرد اوسکی باڑ باندہ
چند مدت کو فراق صنم و دیر تو ہے
چلو پہ کعبی سے ہو آئین بھلا سیر تو ہے
غیر کی ایک اشاری پہ اوٹھہ گئی میری پاس سے
تسپہ یہ مجھسے پوچھنا بیٹھی ہو کیون اودہر سے
سچ یہ آفت تری یہ دہج یہ خوش اندامی ہے
کہ نظر بھر کے تجھی دیکھین تو بدنامی ہی
غصی مین تری ہم نے بڑا لطف اوٹھایا
ابتو عمداً اور سبھی تقصیر کرین گے
گالیان سیکڑون دین پاؤن جو دابے ہم نے
محنتین خوب سے کین خوب سی انعام لیے
گر نازنین کی کہنی سے مانا برا ہو کچھہ
میریطرف کو دیکھیو مین نازنین سہی
کی مین نے شب جو سہواً تعریف چاندنی کے
میریطرف سے اپنے وہ مونہہ کو موڑ بیٹھے
صاحب کی ہرزہ پنسی ہر ایک کو گلہ ہے
مین جو نباہتا ہون میرا ہے حوصلہ ہے
دین گالیان ہزارون سن مطلع اس غزل کا
کہنے لگا کہ انشا اسکا یہی صلہ ہے
رونی سے اپنی دل کے تپش گرد ہو گئے
دو چار بوندیون مین ہوا سرد ہو گئے

اویسی تخلص شاہ محی الدین از مشایخ زادگان بریلی است رخت بدکن کشیده او راست

باغ مین گلعذار ہو فصل بہار ہو نہو
مین ہون غزل سرا وہان بلبل زار ہو نہو

اوباش تخلص شیخ امیر الزمان از شیخ زادگان لکھنؤ است شاگرد غلام ہمدانی مصحفی بوده این بیت از و بدست آمده

دل کی امید اپنی جیا تہی سو وہ درد و غم مین پھنسا گئی
ہمین جسسے چشم امید تہی وہی آنکہہ ہمسے چرا گئی

ایمان تخلص شیر محمد خان از مردم حیدر آباد است گویند کہ در انجا علم استادی مے افراخت اوراست

روا ہی کون سی مشرب مین یہ ای عشق نا منصف
دل پرویز خوش ہو خاطر فرہاد محزون ہو

ٹپک پڑتا ہی خون دل مری ایمان آنکھون سی
می گلگون کا جہدم بزم مین ساغر چھلکتا ہی

حرف الباء الموحدہ

بحر تخلص شخصی است کہ ماجرایش بر گرداو این سفینہ پیدا نیست اوست

مانند اشک دامن دولت نچھوڑین گے
آنکھون سے تمنی ہمکو گرایا تو کیا ہوا

سو ذلتین اوٹھاکے ہم آخر سمجھ گئے
تم نے نہ اپنا بھید بتایا تو کیا ہوا

اوس گل کے آرزو نہ گئے ہی نہ جائینگے
داغون سے دل کو باغ بنایا تو کیا ہوا

برشتہ تخلص مشرف نام از شاگردان بھوری خان آشفتہ است اوراست

برشتہ ٹوٹا برشتہ الفت کا
دیکھہ اوس نے شکستہ حال ہمین

برکت تخلص برکت اللہ خان از مردم کوتانہ است گویند کہ پیشتر بیارے زبان تکلم مے کرد اوراست

جلا بیان تک تپ غم سی دل غمناک سینی مین
اگر ڈہونڈہی کوئی دل کو تو یادی خاک سینی مین

برکت تخلص برکت علیخان از اہالی خیرآباد است بسبب تقریب خدمت نصیر الدولہ جنرل اخترلونی ناظم دھلی مرجع وماب اکابر دہلی بودہ یکچند بہ مختاری راجہ پٹیالہ بوقعتی دلخواہ فلک نشین ماندہ الغرض تمامہ عمر ہم اختر کیوان نزبستہ آخر از گردش گردون گردان ہنگامیکہ در وطن روز را شب می آورد نجم عمرش راجع السیر شد امروز سال وفاتش ہم شمارہ سیارہ است چون عطارد خداوند عقل وہمت بودہ باسخن شوقے تمام داشتی دنیکو گفتے بسط بساط مشاعرہ کردے خلاصہ افکارش این است

اشکون کو بہا دیدہ گریان سمجھ کر
گھبرا سے نہ عالم کہین طوفان سمجھ کر

موسم گل ہے قفس مے مین نوجان ہوا
مت نسیم سحر سے مرغ گرفتار سے مل

پہونچے آسیب نہ اوسکو کہین دلگیر نہو
نالہ شب مین آ لے مرے تاثیر نہو

دل بیتاب کسیطرح سی ٹھہرای کوئے
مجھی سمجھای کوئی یا اوسے سمجھائے کوئی

غم اوٹھانا مری ایدل کا ٹھکانی لگ جائے
اکدم کی ہی یہے پاس جو بہلائی کوئی

مٹی نہ سوزش دل اشک کے بہانی سے
یہ آگ وہ ہے کہ بجھتی نہین بجھانے سے

مجھکو رکار کا سا جو پایا تو یون کہا
پالے خدا نہ ڈالے کسے بدگمان کے

خط کے نمود چہرہ پہ معلوم ہو گئے
قاصد نے جب کہا کہ یہ خط کے رسید ہے

قصہ مین تیری گر کوئی چھیڑی ہی تو کہتا ہون
ذرا دم لو کوئے آیا ہوا جاتا ہی قابو سی

پروانہ تخلص محمد بیگ نام از مورثان خیرآباد است مطلعی ازو دیدہ شد و بقلم آمد

قتل کر ان مت کسو کے قسم
